# ماڈل پیپر "اسلامیات اختیاری"

## برائے سیکنڈری سکول پارٹ۔II( جماعت دہم)امتحان 2014ءومابعد

وقت : 20منٹ　　　　حصہ معروضی　　　　کل نمبر:15

نوٹ:۔ ہرسوال کے 4(چار) ممکنہ جوابات C،B، Aاور D دیئے گئے ہیں۔جوابی کاپی پر ہرسوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

1- (i) جحیم کے معنی ہیں۔

(A) پیچھے لگانا　(B) تیز تیز دوڑنا　(C) تیز دہکتی ہوئی آگ　(D) تیز آندھی

(ii) صور پھونکیں گے۔

(A) حضرت جبرئیل علیہ السلام　(B) حضرت میکائیل علیہ السلام　(C) حضرت اسرافیل علیہ السلام　(D) حضرت عزرائیل علیہ السلام

(iii) شیطان کے بھائی ہیں۔

(A) شور مچانے والے　(B) مال وزر جمع کرنے والے　(C) فضول خرچی کرنے والے　(D) حج نہ کرنے والے

(iv) اپنے مردہ بھائی کے گوشت کھانے کے مترادف ہے۔

(A) گالی دینا　(B) چوری کرنا　(C) غیبت کرنا　(D) قرض دینا

(v) حبب کے معنی ہیں۔

(A) مخصوص کردیا　(B) نیچے گرادیا　(C) محبوب بنادیا　(D) بگاڑ پیدا کیا

(vi) حضور ﷺ نے اس شخص کو اپنی امت سے خارج قرار دیا ہے۔

(A) جو اترا کے چلے　(B) جو قناعت کرے　(C) جو بڑوں کی عزت نہ کرے　(D) جو تحفہ نہ دے

(vii) وہ مومن نہیں

(A) جو سفر نہ کرے　(B) جو اشراق نہ پڑھے　(C) جو پڑوسی کا خیال نہ رکھے　(D) جو پیٹ بھر کر نہ کھائے

(viii) دوسروں کے حالات سے نصیحت حاصل کرنے والا ہے۔

(A) لالچی　(B) منصف　(C) سعادت مند　(D) حاجت مند

(ix) جنت میں داخل نہیں ہوگا۔

(A) سخی　(B) سچا تاجر　(C) مغرور ومتکبر　(D) عاجز

(x) حسد سے جل جاتی ہیں۔

(A) لکڑیاں　(B) پتھر　(C) نیکیاں　(D) جسمانی اعضا

(xi) کبھی نہیں بخشا جائے گا۔

(A) چغلخور　(B) کفن چور　(C) مشرک　(D) بدباطن

(xii) ہجرت کے وقت انصار کے سردار کا نام تھا۔

(A) عتبہ　(B) ابوالعتاہیہ　(C) عبداللہ بن ابی　(D) عبادۃ

(xiii) غزوہ بدر سن ہجری میں واقع ہوا۔

(A) 5ھ　(B) 8 ھ　(C) 6ھ　(D) 2ھ

(xiv) اسم نکرہ پر لگانے سے اسم معرفہ بن جاتا ہے۔

(A) ان　(B) ار　(C) ال　(D) اسم

(xv) آپ ﷺ حد درجہ مہربان تھے۔

(A) جوانوں پر　(B) عورتوں پر　(C) بچوں پر　(D) نمازیوں پر

Result.pk

# ماڈل پیپر "اسلامیات اختیاری"

برائے سیکنڈری سکول پارٹ-II ( جماعت دہم) امتحان 2014ء ومابعد

حصہ انشائی

وقت: 2:10 گھنٹے — کل نمبر: 60

## (حصہ اول PART-I)

**2- کوئی سے پانچ (5) سوالات کے مختصر جوابات لکھیئے۔** 10

(i) کراما کاتبین سے کیا مراد ہے؟

(ii) متقین کی کوئی دو صفات تحریر کیجئے۔

(iii) وہ کون لوگ ہیں جو اللہ اور آخرت پر ایمان رکھنے کے باوجود مومن نہیں۔

(iv) الباساء و الضراء کے معنی تحریر کیجئے۔

(v) نظام شہادت کے کوئی دو زریں اصول لکھئے۔

(vi) سلام میں پہل کرنے والے کو حضور ﷺ نے کیا درجہ عطا کیا ہے۔

(vii) اہل ایمان پر کوئی دو چیزیں حرام قرار دی گئی ہیں۔

**3- کوئی سے پانچ (5) سوالات کے مختصر جوابات لکھیئے۔** 10

(i) مسلمانوں کے باہمی لطف، محبت اور ہمدردی کو کس چیز سے مثال دی گئی ہے۔

(ii) حضور ﷺ نے حسد کرنے سے بچنے کی تاکید کیوں فرمائی ہے؟

(iii) عصبیت کا مفہوم تحریر کیجئے۔

(iv) حضور ﷺ نے مدینہ منورہ پہنچ کر سب سے پہلے کیا کام کیا؟

(v) میثاق مدینہ کی کوئی دو اہم شرائط یا پہلو تحریر کیجئے۔

(vi) قریش کا تمام عرب میں احترام کیوں کیا جاتا تھا؟

(vii) مدینہ منورہ میں آباد یہود کے قبائل میں سے دو کے نام لکھئے۔

**4- کوئی سے پانچ (5) سوالات کے مختصر جوابات لکھیئے۔** 10

(i) خطبہ حجۃ الوداع اسلامی تعلیمات کا نچوڑ ہے اس کی کوئی دو اہم تعلیمات تحریر کیجئے۔

(ii) آپ ﷺ نے خطبہ حجۃ الوداع کب اور کہاں دیا۔

(iii) ختم نبوت سے متعلق حضور ﷺ کا کوئی ارشاد تحریر کیجئے۔

(iv) حضور سید عالم ﷺ کی تاریخ ولادت اور آپ کی والدہ ماجدہ کا نام تحریر کیجئے۔

(v) اعلان نبوت سے قبل حضور ﷺ کن دو القابات سے مشہور تھے۔

(vi) جمع سالم کی اقسام تحریر کیجئے۔

(vii) مرکب کی اقسام تحریر کیجئے۔

(viii) اسلامی حکومت کی غرض وغایت میں سے کسی دو کا تذکرہ کیجئے۔

Result.PK

# (PART-II حصہ دوم)

-5 درج ذیل میں سے دو آیات کا ترجمہ و تشریح کیجئے۔ 5,5

(الف) وَ مَنْ يَّقْتُلْ مُؤمِنًا مُّتَعَمِّدًا فَجَزَآءُهٗ جَهَنَّمُ ○

(ب) وَاخْفِضْ لَهُمَا جَنَاحَ الذُّلِّ مِنَ الرَّحْمَةِ وَ قُلْ رَّبِّ ارْحَمْهُمَا كَمَا رَبَّيٰنِيْ صَغِيْرًا ○

(ج) وَلَا تَقْفُ مَا لَيْسَ لَكَ بِهٖ عِلْمٌ اِنَّ السَّمْعَ وَالْبَصَرَ وَ الْفُؤَادَ كُلُّ اُولٰٓئِكَ كَانَ عَنْهُ مَسْئُوْلًا ○

-6 درج ذیل احادیث میں سے کسی ایک حدیث کا ترجمہ اور تشریح کیجئے۔ 5

(الف) اَوْلَى النَّاسِ مَنْ بَدَءَ هُمْ بِالسَّلَامِ.

(ب) مَا اٰمَنَ بِيْ مَنْ بَاتَ شَبْعَانَ وَجَارُهٗ جَائِعٌ.

-7 درج ذیل میں سے کوئی سے دو سوالات کے جوابات لکھئے۔ 5,5

(الف) حضور ﷺ کے اعلیٰ اخلاق پر نوٹ تحریر کیجئے۔

(ب) منصب رسالت اور اس کی عظمت پر مختصر روشنی ڈالئے۔

(ج) مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک پر نوٹ لکھئے۔

1۔ عقیدہ ختم نبوت 2۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام

-8 درج ذیل میں سے کسی ایک کا جواب لکھیں۔ 5

(الف) فعل متعدی کی تعریف اور کم از کم دو مثالیں تحریر کریں۔

(ب) حروف استفہام مثال کے ساتھ تحریر کیجئے۔

Result.pk